12819-سہاگ رات خاوند سے جادو ختم کرنا

سوال

ہمارے ہاں مصر میں جب کوئی شخص شادی کرتا ہے تو سہاگ رات بیوی کے حقوق ادا نہیں کرتا، اوراس کی دلیل یہ دیتا ہے کہ اسے جادو ہے جسے وہ بندش کا نام دیتے ہیں اور بیوی کے قریب جانے سے بندھا ہوا ہے، اس لیے اس جادو کو ختم کرنے کے لیے کوئی چیز ضرور ہونی چاہیے، کیا یہ بات صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ ضروری نہیں، لیکن ایسا ہو بھی سکتا ہے، بعض لوگوں کی آزمائش ہوتی ہے کہ اس پر کوئی دوسرا جادو کردے جس سے وہ اپنی بیوی کے پاس نہیں جاسکتا، کیونکہ اللہ عزوجل کا فرمان ہے :

.{پھر ان سے لوگ وہ سیکھتے جس سے خاوند اور بیوی میں جدائی ڈال دیں اور دراصل وہ اللہ کی مرضی کے بغیر کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے}.البقرۃ(102).

لیکن جب وہ شرعی دعائیں استعمال کرے تو اللہ سبحانہ وتعالی اسے جادو وغیرہ سے محفوظ رکھتا ہے، اوراگر اس کو جادو ہو تو وہ بھی اس سے ختم کردیتا ہے، اسے چاہیے کہ وہ اپنے اوپر آیۃ الکرسی اور سورۃ الفاتحہ اور جادو والی آیات اور سورۃ قل ھو اللہ احد، اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کردم کرے ان شاء اللہ جو کچھ ہے وہ زائل ہوجائیگا، اس کا تجربہ بہت کیا گیا ہے کہ ان سے جادو ختم ہوجاتا ہے.

اور نیک وصالح شخص کوئی اچھا قاری جس کے متعلق خیر و بھلائی کی امید رکھی جاتی ہو وہ بھی دوسرے کو یہ آیات پڑھ کردم کرسکتا ہے، وہ یہ آیات پانی پر پڑھے اور مریض اس پانی کو پیئے اوراس سے غسل بھی کرے ان شاء اللہ اس کا مرض جاتا رہے گا، یا پھر وہ ان آیات کو پڑھ کر مریض پر پھونک مارکر دم کرے، ان شاء اللہ اسے اللہ کی جانب سے شفا نصیب ہوگی، یہ سب عافیت کے اسباب میں شامل ہوتے ہیں.